VALG

آپ میں سے ان لوگوں کے لیے جن کے پاس 2025 کے عام انتخابات میں ووٹ ڈالنے کا حق ہے۔

**اپنے ووٹ کا حق استعمال کریں!**

8 ستمبر کو ناروے میں عام انتخابات ہوں گے۔ انتخابات میں حصہ لے کر آپ ناروے میں جمہوریت کی حمایت کا باعث بنتے ہیں۔ آپ کو یہ خط اس لیے موصول ہو رہا ہے کہ آپ کو گزشتہ آٹھ سالوں سے عام انتخابات میں ووٹ ڈالنے کا حق حاصل ہوا ہے۔

**انتخابات کو کامیاب بنانے میں حصہ ڈالیں**

جمہوریت کے قائم رہنے کے لیے ضروری ہے کہ لوگ اپنے ووٹ کا حق استعمال کریں۔ اس بات سے قطع نظر کہ ناروے میں یہ آپ کا پہلا الیکشن ہے، یا آپ کو پہلے ووٹ دینے کا موقع ملا ہے، ہم امید کرتے ہیں کہ آپ امسال سیاست کو تشکیل دینے کے اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ یہ مکمل طور پر آپکی مرضی ہے کہ آپ کس سیاسی جماعت اور کس امیدوار کو ووٹ دیتے ہیں۔ اہم بات یہ ہے کہ آپ انتخابات میں شرکت کریں۔

**الیکشن کے بارے میں عملی معلومات**

انتخابات کا دن 8 ستمبر 2025 ہے۔ کچھ بلدیات میں اتوار 7 ستمبر کو بھی ووٹ ڈالنا ممکن ہو گا۔ آپ 5 ستمبر تک پورے ملک میں پیشگی ووٹ بھی دے سکتے ہیں۔

آپ ویب سائٹ valglokaler.no پر جا کر پولنگ سٹیشنوں اور ووٹ دینے کی جگہوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

ووٹ دیتے وقت ایسا شناختی کارڈ لانا یاد رکھیں جس میں آپ کا نام، تاریخ پیدائش اور تصویر شامل ہو۔

اگر آپ کے پاس انتخابات کے ضمن میں کوئی عملی سوالات ہوں تو آپ اپنی بلدیہ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں یا ویب سائٹ valg.no پر مزید اس بارے میں پڑھ سکتے ہیں۔ یہاں آپ کو اس حوالے سے بھی معلومات مل سکتی ہے کہ پولنگ سٹیشن پر کیا ہوتا ہے اور ووٹ کیسے ڈالا جاتا ہے۔

اپنے ووٹ کا حق استعمال کریں۔ آپ کا انتخاب اچھا ہو!

خیر خواہی سے،

ناروے کے الیکشن ڈائریکٹوریٹ

**ناروے کے الیکشن ڈائریکٹوریٹ کے بارے میں**

ناروے کا الیکشن ڈائریکٹوریٹ وزارت لوکل گورنمنٹ اور علاقائی ترقی کے ماتحت ہے اور اسکا کام ناروے میں انتخابات کے انعقاد پر عوام کے اعتماد کو برقرار رکھتے ہوئے ایک اچھی طرح سے چلنے والی جمہوریت میں اپنا حصہ ڈالنا ہے۔ 2025 میں ڈائریکٹوریٹ کی مجموعی ترجیح پارلیمانی اور سامی انتخابات کے درست، محفوظ، آزاد اور اعتماد سے بھرپور انعقاد میں مدد کرنا ہے۔

VALGdirektoratet

Telefon: 33 41 29 40 | E-post: post@valg.no
Postboks 2080, 3103 Tønsberg
www.valg.no